**10.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

............................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی کا کہنا ہے کہ بھارت کی مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی پالیسی نے آسیان کے ساتھ تعلقات کو نئی توانائی، رفتار اور نئی سمت فراہم کی ہے۔ انھوں نے Lao PDR کے شہر Vientiane میں آسیان لیڈروں کے ساتھ باہمی میٹنگیں بھی کیں۔
- ☆ مرکز نے غیرقانونی کارروائیوں کی روک تھام سے متعلق قانون کے تحت حزب التحریر اور اُس کی ذیلی تنظیموں کو دہشت گرد تنظیمیں قرار دیا ہے۔
- ☆ معروف صنعتکار رَتن ٹاٹا کی آخری رسومات ممبئی کے وَرلی شمشان میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔
- ☆ جنوبی کوریا کی مصنفہ Han Kang کو ادب کا نوبیل انعام دیا گیا ہے۔
- ☆ دُرگا پوجا کی تقریبات ملک بھر میں مذہبی عقیدت کے ساتھ جاری ہیں۔
- ☆ اور کھیلوں میں بھارت کے مردوں کی ٹیبل ٹینس ٹیم نے آستانہ میں ایشین چمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔
- ☆ رافیل نڈال نے ٹینس سے ریٹائر ہونے کا اعلان کیا ہے۔

............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM Laos*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ بھارت کی مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی پالیسی نے جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کی تنظیم آسیان کے ساتھ تعلقات کو نئی توانائی، رفتار اور نئی سمت فراہم کی ہے۔

آج Lao PDR کے شہر Vientiane میں بھارت-آسیان سربراہ کانفرنس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انھوں نے زور دیا کہ اکیسویں صدی بھارت اور آسیان ملکوں کی صدی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور آسیان ممالک امن پسند ممالک ہیں اور وہ ایک دوسرے کی قومی سلیت اور اقتدارِ اعلیٰ کا احترام کرتے ہیں۔

S/B 2100 PM Modi Peace Loving Nations

بھارت اور آسیان ملکوں کے درمیان تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آسیان خطے کے ساتھ تجارت پچھلے دس برسوں میں تقریباً دوگنی ہوگئی ہے اور یہ 130 بلین ڈالر سے زیادہ کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، سات آسیان ملکوں کے ساتھ براہ راست پرواز کی سہولت سے جڑا ہوا ہے اور جلد ہی برونئی کے ساتھ براہ راست پروازیں شروع ہوں گی۔

S/B 2100 PM Modi On Consulates

اِس موقع پر وزیر اعظم نے بھارت اور آسیان ملکوں کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے دس نکاتی منصوبے کا بھی اعلان کیا۔ آئندہ سال سیاحت کیلئے آسیان-بھارت سال کے طور پر منایا جائے گا، جس کیلئے بھارت، مشترکہ کارروائیوں کیلئے پانچ ملین امریکی ڈالر فراہم کرے گا۔

بھارت اور جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کی تنظیم آسیان ممالک نے تعلیم، حفظانِ صحت، زراعت اور آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق ایکشن سمیت مختلف شعبوں میں ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر سے فائدہ اٹھانے میں تال میل پر زور دیا ہے۔ ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو بڑھانے پر ایک مشترکہ بیان میں بھارت اور آسیان نے خطے میں ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کو فروغ دینے کیلئے معلومات، تجربات اور بہتر طور طریقوں کے تبادلے کیلئے تال میل کے مواقع کا اعتراف کیا۔

انھوں نے باہمی اقتصادی شراکت داری کیلئے مالیاتی ٹیکنالوجی اور اختراع کو ایک اہم محرک کے طور پر تسلیم کیا ہے۔ بھارت اور آسیان نے اِس بات کا بھی اعتراف کیا ہے کہ سائبر سکیورٹی میں آپسی تعاون جامع کلیدی شراکت داری کا ایک اہم حصہ ہے۔

انھوں نے مصنوعی ذہانت سے متعلق ٹیکنالوجی سے مؤثر طور پر اور ذمے داری کے ساتھ فائدہ اٹھانے کیلئے ضروری معلومات، ہنرمندی، بنیادی ڈھانچے، رِسک مینجمنٹ فریم ورک اور پالیسیوں کے فروغ میں آپسی تال میل کی بھی حمایت کی۔ بھارت اور آسیان نے اِس بات کا بھی اعتراف کیا کہ مصنوعی ذہانت تیزی کے ساتھ نوکری کے منظرنامے کو تبدیل کر رہی ہے اور افرادی قوت کی مہارت کو بہتر کرنے اور اُنہیں پھر سے ماہر بنانے کی ضرورت ہے۔x

## ***PM Bilateral Meetings***

اِس دوران لاؤس میں مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے آسیان کے رہنماؤں کے ساتھ سلسلے وار باہمی میٹنگیں کیں۔ جناب مودی نے جاپان کے نئے وزیر اعظم Shigeru Ishiba کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران دونوں رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں اشتراک میں اضافے کے ذریعے بھارت-جاپان خصوصی کلیدی اور عالمی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ اِن میں تجارت و سرمایہ کاری، بنیادی ڈھانچے کا فروغ، دفاع اور سلامتی، سیمی کنڈکٹر، ثقافت اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلے شامل ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت اور جاپان، ایک پُرامن، محفوظ اور خوشحال بھارت- بحر الکاہل خطے کیلئے قریبی شراکت دار ہیں اور انھوں نے اِس مقصد کے حصول کی خاطر مل کر کام کرنے کے اپنے عہد کو دوہرایا۔

جناب مودی نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت، جاپان کے ساتھ اپنے رشتوں کو اولین ترجیح دینا جاری رکھے گا۔وزیر اعظم نریندر مودی نے نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم Christopher Luxon کے ساتھ بھی ایک دو طرفہ

میٹنگ کی۔ یہ دونوں رہنماؤں کے درمیان پہلی ملاقات تھی۔ دونوں وزرائے اعظم نے تجارت و سرمایہ کاری، دفاع و سلامتی، قابل تجدید توانائی، تعلیم، زرعی ٹیکنالوجی، کھیل، سیاحت، خلا اور عوام سے عوام کے رابطوں سمیت باہمی تعاون کے مختلف شعبوں کو مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے اِس بات کو محسوس کیا کہ اعلیٰ سطح کے مسلسل رابطوں سے دو طرفہ تعلقات میں خاطر خواہ پیش رفت ہوئی ہے۔ x

## Centre Hizbut Tahrir

مرکز نے حزب التحریر اور اُس سے وابستہ سبھی تنظیموں کو غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون کے تحت دہشت گرد تنظیمیں قرار دیا ہے۔ ایک گزٹ نوٹیفکیشن میں مرکزی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ حزب التحریر، مبینہ طور پر لوگوں کو شدت پسند بنانے، سیدھے سادھے نوجوانوں کو ISIS جیسی تنظیموں میں شامل ہونے کی تحریک دینے اور دہشت گردانہ سرگرمیوں کیلئے رقومات اکٹھا کرنے کے معاملات میں ملوث ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ حزب التحریر، مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارموں کے ذریعے دہشت گردی کو بھی شہ دے رہی ہے۔ x

## Ratan TATA Funeral

سرکردہ صنعت کار اور انسان دوست شخصیت رتن ٹاٹا کی آخری رسومات، آج پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ممبئی میں ادا کر دی گئیں۔ رتن ٹاٹا کا، کل ممبئی کے ایک اسپتال میں 86 برس کی عمر میں انتقال ہوگیا تھا۔ انہوں نے اپنی انتھک محنت سے ٹاٹا گروپ کو عالمی سطح پر ایک منفرد پہچان دلائی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Prarthna

بین الاقوامی سطح پر مقبول بھارت کے کاروباری رہنماؤں میں سے ایک رتن ٹاٹا کی آخری رسومات، آج شام وَرلی کے شمشان میں پارسی رسم و رواج کے مطابق ادا کی گئیں۔ زندگی کے مختلف شعبوں وابستہ افراد اِس میں شامل ہوئے۔ مرکزی وزیر امت شاہ اور پیوش گوئل، مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شنڈے، نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فرنویس، گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل سمیت دیگر معزز شخصیات نے اُن کی آخری رسومات میں شرکت کی۔ مہاراشٹر حکومت نے رتن ٹاٹا کے انتقال پر آج ایک دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا تھا۔ مہاراشٹر کی کابینہ نے آج ایک تجویز منظور کی ہے، جس میں مرکزی حکومت سے رتن ٹاٹا کو بھارت رتن سے سرفراز کیے جانے کی درخواست کی گئی ہے۔

ممبئی سے پرارتھانا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## Noble Litrature

جنوبی کوریا کی مصنفہ Han Kang کو ادب میں سال 2024 کے نوبیل انعام سے سرفراز کیا گیا ہے۔ اُنہیں اُن کی پُراثر شعری نثر کیلئے اِس اعزاز سے نوازا گیا ہے، جن میں تاریخی صدمات اور انسانی زندگی کی نازک صورتحال کا اظہار کیا گیا ہے۔ سائنس سے متعلق رائل سویڈش اکیڈمی کی نوبیل کمیٹی نے آج اُنہیں اِس اعزاز سے

نوازے جانے کا اعلان کیا ہے۔ محترمہ Han Kang اپنے ناول 'The Vegetarian' کیلئے زیادہ مقبول ہیں، جسے تین حصوں میں لکھا گیا ہے۔ نوبیل کمیٹی کے مطابق وہ یہ ایوارڈ جیتنے والی جنوبی کوریا کی پہلی مصنفہ ہیں۔ محترمہ کانگ نے 1993 میں میگزین لٹریچر اینڈ سوسائٹی میں شائع ہوئی اپنی نظموں کے ساتھ اپنے ادبی سفر کا آغاز کیا تھا۔ x

## Kerala AQCS

اقلیتی امور، ماہی گیری، مویشی پروری اور ڈیری کے مرکزی وزیر مملکت جارج کورین نے آج صبح کوچین بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر Animal Quarantine and Certification Services کا افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ سماج اور جانوروں دونوں کیلئے فائدے مند ہوگی اور اِسے تمام زندہ رہنے والی چیزوں سے پیار کرنے کے ملک کی روایت کو برقرار رکھنے کا ایک اقدام قرار دیا۔

اِس کے ساتھ ہی کوچی ایئرپورٹ، ملک کے نئی دلّی، ممبئی، کولکتہ، چنئی، بنگلورو اور حیدرآباد ایئرپورٹس میں شامل ہوگیا ہے جہاں پالتو جانوروں کیلئے ایسی سہولیات موجود ہیں۔x

## Odisha Durga Puja

ملک بھر میں درگا پوجا کی تقریبات کا سلسلہ پورے مذہبی جوش و خروش کے ساتھ جاری ہے۔

اڈیشہ میں مشہور درگا پوجا کا آج روایتی رسم و رواج اور جوش و خروش کے ساتھ آغاز ہوا ہے، جسے دُرگو اُتسو یا شرد اُتسو کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ عقیدتمندوں نے ریاست بھر کے مختلف شکتی پیٹھ اور پوجا پنڈال میں ماں درگا کی پوجا ارچنا کی۔ بدی پر نیکی کی فتح کا یہ تہوار، اِس ماہ کی 13 تاریخ تک جاری رہے گا۔ مختلف برادریوں کے لوگ، تقریبات میں شامل ہو رہے ہیں۔ اِس سال بھوبنیشور اور کٹک، دونوں شہروں میں 300 سے زیادہ دَسہرے کے پنڈال بنائے گئے ہیں۔ گجرات میں بھی مہااشٹمی کا تہوار روایتی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔

بناس کانٹھا کے سب سے مقبول انباجی مندر، پاوا گڑھ کے مہاکالی ماتا مندر سمیت ریاست کے سبھی شکتی پیٹھوں میں آج بڑی تعداد میں عقیدت مند جمع ہوئے۔ اس دوران مہا اشٹمی کے دن ریاست میں گربا اور ڈانڈیہ کی بھی دھوم ہے۔

## IMD - Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، کونکن، گوا اور مدھیہ مہاراشٹر میں اگلے دو دن کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے اِس ہفتے کے دوران تمل ناڈو ، پڈوچیری ، کرائیکل ، ساحلی کرناٹک اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقے میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے دو سے تین دن کے دوران گجرات، مدھیہ پردیش، اترپردیش اور بہار کے باقی حصوں اور مہاراشٹر کے کچھ حصوں سے جنوب مغربی مانسون کے ختم ہونے کیلئے حالات سازگار ہیں۔ x

## Asian Table Tennis

بھارت کے مردوں کی ٹیبل ٹینس ٹیم نے قزاخستان کے شہر آستانہ میں آج سیمی فائنل میں چینی تائی پی سے صفر-تین سے ہار کر ایشین چمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

Sharath Kamal افتتاحی میچ میں Lin Yun-Ju سے ہار گئے۔سنگلز کے دوسرے میچ میں Manav Thakkar نے بہتر کھیل کا مظاہرہ کرنے کے باوجود Kao Cheng-Jui سے ایک-تین سے ہار گئے۔

بھارتی مردوں کی ٹیم نے 2021 اور 2023 میں بھی کانسے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔x

## Rafael Nadal Retirement

اسپین کے معروف ٹینس کھلاڑی رافیل نڈال نے آج ٹینس سے ریٹائر ہونے کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے 22 مرتبہ گرینڈ سلیم کا خطاب حاصل کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو کے ذریعے اپنے ریٹائرمنٹ کا اعلان کرتے ہوئے انھوں نے اپنے کیریئر میں تعاون ملنے پر شکریے کا اظہار کیا۔ نڈال نومبر میں Malaga میں ڈیوس کپ کے فائنل میں اپنا آخری ٹورنامنٹ کھیلیں گے۔

نڈال نے مجموعی طور پر 92 اے ٹی پی سنگلز کا خطاب حاصل کیا ہے جن میں 36 ماسٹرس خطاب اور ایک اولمپک گولڈ میڈل شامل ہے۔x

## Badminton Result

بیڈمنٹن میں لکشیہ سین آج آرکیٹک اوپن 300 کے دوسرے مرحلے میں چینی تائی پی کے Chou Tien-Chen سے ہار گئے۔ میچ میں بہتر شروعات کرنے کے باوجود عالمی نمبر 19 بھارتی کھلاڑی اکیس-اُنیس، اٹھارہ-اکیس، پندرہ-اکیس سے ہار گئے۔ اس کے ساتھ ہی سنگلز مقابلے میں بھارت کی مہم ختم ہوگئی۔

خواتین کے سنگلز میں Unnati Hooda کو بھی کناڈا کی کھلاڑی Michelle Li کے خلاف دس-اکیس، اُنیس-اکیس سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ Malvika Bansod بھی تھائی لینڈ کی کھلاڑی Ratchanok Intanon سے پندرہ-اکیس، آٹھ-اکیس سے ہار گئیں۔

خواتین کے سنگلز میں دونوں ہی بھارتی کھلاڑیوں نے قابل تعریف کوششیں کیں لیکن اُن کی مہم ختم ہوگئی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆